# Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. واحد ملکیتی کاروبار کی تعریف کریں.

**Ans 1:** واحد ملکیتی کاروبار سے مراد کاروبار کی ایسی تنظیم ہے جو فرد واحد کی ملکیت ہو اور وہی اسے چلاتا ہو.

---

Q2. واحد ملکیتی کاروبار کی کوئی سی چار مثالیں لکھیں.

**Ans 1:** 1.پرچون فروشی 2.اخبار فروشی 3.حجام 4.پٹرول پمپ

---

Q3. واحد آجر اپنے کاروبار سے اتنا مطمن کیوں ہوتا ہے

**Ans 1:** اس قسم کا کاروبار فرد واحد کی ملکیت ہوتا ہے اور تمام کام اسی ہی کی زیر نگرانی سر انجام دیے جاتے ہیں لہزا اس کو زاتی تسکین حاصل ہوتی ہے کہ ہر کام بہتر طریقے سے سر انجام دیا جارہا ہے.

---

Q4. واحد ملکیتی کاروبار میں منافع کی تقسیم کس طرح ہوتی ہے.

**Ans 1:** واحد ملکیتی کاروبار میں تمام منافع واحد یعنی مالک کا ہوتا ہے کیونکہ تمام تر سر مایہ کاری اس نے اپنی جیب سے کی ہوتی ہے اور نقصان کی صورت میں واحد آجر اکیلا ہی اس کا زمہ دار ہوتا ہے.

---

Q5. واحد ملکیتی کاروبار کی تعریف کریں.

**Ans 1:** واحد ملکیتی کا روبار سے مراد کاروبار کی ایسی تنظیم ہے جو فرد واحد کی ملکیت ہوتی ہے اور یہی فرد کاروبار کے مندرجہ ذیل فرائض کے انجام دہی کا بوجھ اٹھاتا ہے. 1.سرمایہ کی فراہمی 2.کاروبار کی نگرانی 3.کاروبار کا انتظام و انصرام 4.مارکیٹنگ

---

Q6. واحد ملکیتی کاروبار میں مکمل ازادی کیوں ہوتی ہے.

**Ans 1:** واحد ملکیتی کاروبار میں آجر کو مکمل آزادی خودمختیاری حاصل ہوتی ہے- کیونکہ دوسروں سے صلاح مشورہ کر نے کا پابند نہیں ہوتا- اس لئے وہ کسی دخّل اندازی کے بغیر اپنی پرضی سے اپنی بہتری کے لیے کاروبار چلا سکتا ہے.

---

Q7. واحد ملکیتی کاروبار کی قانونی حیثیت کیا ہوتی ہے.

**Ans 1:** واحد ملکیتی کاروبار کی قانون کی نظر میں کوئی علیحدہ حیثیت نہیں ہوتی کیونکہ اس قسم کے کاروبار کےلیے کسی اجازت نامہ یا رجسٹریشن کی ضرورت نہیں. جھگڑے وغیرہکی صورت میں کاروبار کے مالک کے خلاف قانونی کاروائی کی جاسکتی ہے-ٹیکس کاروبار کے خلاف نہیں.

---

Q8. واحد ملکیتی کاروبار کی عمر محدود کیوں ہوتی ہے.

**Ans 1:** کیونکہ واحد ملکیتی کاروبار کا مالک فرد واحد ہوتاہے اس لیے کاروبار کا انحصار فرد واحد کی زندگی اورموت پر ہوتا ہے.یعنی جس وقت چاہے وا س کو ختم کر سکتا ہے- اس کے موت کے ساتھ ہی اس کا کاروبار ختم ہو جاتا ہے.

---

Q9. واحد ملکیتی کاروبار کی کوئی سی پانچ مثالیں.

**Ans 1:** 1- پرچون

**Ans 2:** 2- پینٹرز

**Ans 3:** 3- اخبار فروش

**Ans 4:** 4- بڑھئی

**Ans 5:** 5- حجام

---

Q10. واحد ملکتیی کاروبار پر لوگوں کآ اعتماد کم کیوں ہوتآ ہے.

**Ans 1:** واحد ملکیتی کاروبار کو عوام کا اغتماد حاصل نہیں ہوتا کیونکہ واحد آجر اپنے کاروباری حسابات اور سرگرمیوں کی اشاعت نہیں کرتا او ر اس کاروبار کو چلانے اور ختم کرنے کے لیے کوئی قانونی ضابطہ نہیں ہوتا.

---